# GOVT. GRADUATE COLLEGE (W)
# MURIDKE



**2025-2026**

# پراسپیکٹس

## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین مریدکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم



**قائد اعظم محمد علی جناح**

گورنر جنرل پاکستان کا پیغام

’’قومی خدمت اور احساس ذمہ داری کے شعور کی نشو ونما، یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم آنے والی نسلوں کو پورے طور پر اس قابل بنا دیں کہ وہ اقتصادی زندگی کے مختلف شعبوں میں اس طرح حصہ لیں جو پاکستان کے لئے باعث عزت ہو‘‘

پہلی کل پاکستان تعلیمی کانفرنس، کراچی
27 نومبر 1947ء



**پیغام اقبال**

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں
تجھے کتاب سے ممکن نہیں فراغ کہ تو!
کتاب خواں ہے، مگر صاحب کتاب نہیں

(ضرب کلیم)

***Principal's Massage***

I welcome to all of you in an outstanding learning community, where everyone is dedicated to a high standard of excellence. We truly have a fantastic college with highly qualified and experienced staff. We are very sure that with the help of all stakeholders we will be able to take our college to the highest rank of eminence. In nut shell we have to struggle more for the better understanding of our students for their bright future. We ensure high quality of education at government graduate college for women Muridke which can motivate and empower our young ladies. So they can be life long learners and productive members of the modern era

***Principal***
***Miss Farah Abbas***

# تعارف

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین مرید کے۔ مرید کے نارووال روڈ پر تقریباً دو کلومیٹر دوری پر واقع ہے اس کالج کی تعمیر 2006ء میں مکمل ہوئی اور 2008ء میں اس کو محکمہ ہائیر ایجوکیشن کے حوالے کر دیا گیا۔ اس کالج کی تعمیر کا مقصد مرید کے کے مکینوں اور آس پاس کے دیہات کی ان طالبات کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ہے جو لاہور اور اس کے گردونواح میں داخلہ لینے پر مجبور ہیں، اور بہت سی ذہین طالبات تعلیمی ادارے دور ہونے کے باعث داخلہ ہی نہیں لے پاتیں۔ کالج ہذا ڈگری کالج ہے اور اس کا رقبہ 29 کنال اور 9 مرلے ہے۔ کالج میں طالبات کی ضروریات کے لئے کشادہ، ہوادار اور روشن کلاس رومز موجود ہیں اور کالج میں کمپیوٹر لیب، جدید لیبارٹریاں، Sick Room اور Prayer Room کا بھی انتظام ہے۔ پنجاب گورنمنٹ اور H.E.D کی طرف سے کالج ہذا کو ایک عدد بس کا تحفہ بھی ملا ہوا ہے۔ جو گزشتہ 8 سال سے طالبات کے پُرسکون، آرام دہ اور محفوظ سفر کا ذریعہ بنی ہوئی ہے۔ جس سے سفری دشواری خاصی کم ہو گئی ہے۔ کالج ہذا میں **AD** اور بی ایس (آنرز) کی کلاسز کا بھی آغاز ہو چکا ہے۔

اس سلسلے میں جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے IT Lab کے قیام کے لئے کوششیں جاری ہیں امید ہے جلد ہی جدید طرز کی IT Lab کا قیام عمل میں لیا جائے گا۔

کالج ہذا کی کئی طالبات مختلف میڈیکل کالجز میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

پرنسپل
مس فرح عباس رانا

☆☆☆......☆☆☆......☆☆☆

2 B

## اغراض ومقاصد:

1۔ طالبات کوزیورِتعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی تربیت اور کردار کی تشکیل اس طرح کرنا کہ وہ سچی مسلمان بننے پر فخر محسوس کریں۔

2۔ نظم وضبط کی پابندی سکھانا۔

3۔ آئندہ زندگی میں روشن ضمیر، دیانت دار، فرض شناس اور محبّ وطن شہری بنانا۔

4۔ ملک کی تعمیر وترقی میں بامقصد کردار ادا کرنے کے لئے تربیت دینا۔

5۔ ہر گھڑی علم میں اضافے کی کوشش کرنا اور دوسروں کو بھی علم سیکھنے کی طرف راغب کرنا۔

## کالج انتظامیہ:

| | | | |
|---|---|---|---|
| پرنسپل | مس فرح عباس | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| وائس پرنسپل | مسز صائقہ شاہین | اسسٹنٹ پروفیسر | ایم۔اے (انگلش) |

## تعارف شعبہ جات

| | | | |
|---|---|---|---|
| شعبہ سیاسیات | (سی۔ٹی۔آئی) | اسسٹنٹ پروفیسر | ایم۔اے(سیاسیات) |
| شعبہ جغرافیہ | مس نائلہ اسلم | لیکچرار | بی ایس آنرز (جغرافیہ) |
| شعبہ سوشیالوجی | (سی۔ٹی۔آئی) | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| شعبہ اکنامکس | مس مہوش | لیکچرار | ایم فل اکنامکس |
| شعبہ انگریزی | مسز صاعقہ شاہین | اسسٹنٹ پروفیسر | ایم۔اے(انگریزی) |
| | مس ام فروا | لیکچرار | ایم۔ایس(انگریزی) |
| شعبہ اُردو | مس فرزانہ | لیکچرار | ایم۔اے اُردو |
| شعبہ نفسیات | مس ثناء وکیل | لیکچرار | ایم۔ایس نفسیات |
| شعبہ عربی | (سی۔ٹی۔آئی) | اسسٹنٹ پروفیسر | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| شعبہ سوشل ورک | مس انیلا ممتاز | اسٹنٹ پروفیسر | ایم۔اے، ایم فل، ایم ایڈ، ایم۔اے انٹرنیشنل ریلیشنز (گولڈ میڈلسٹ) |
| شعبہ اسلامیات | مس عمیرہ مظفر | لیکچرار | بی ایس آنرز (اسلامیات) ایم ایس |
| | مس فوزیہ سرور | لیکچرار | ایم۔اے (اسلامیات) |
| شعبہ ایجوکیشن | مس نگار عروج | لیکچرار | ایم۔اے (ایجوکیشن) |
| شعبہ ریاضی | مس جویریہ شبیر | لیکچرار | ایم ایس سی (ریاضی) |
| شعبہ زوالوجی | مسز طاہرہ معراج | اسٹنٹ پروفیسر | ایم ایس سی (زوالوجی) |
| | مسز آمنہ شکراللہ | لیکچرار | (بائیوٹیکنالوجی)، ایم فل |
| شعبہ کمپیوٹر سائنس | مسز نادیہ آصف | لیکچرار | بی ایس سی آنرز، ایم فل |
| شعبہ کیمسٹری | مس وجیہہ | لیکچرار | ایم ایس کیمسٹری |
| شعبہ فزکس | (سی۔ٹی۔آئی) | لیکچرار | |
| شعبہ شماریات (Statistic) | مس سحر اقبال | لیکچرار | ایم ایس سی، ایم فل Statistic |
| شعبہ فارسی | (سی۔ٹی۔آئی) | لیکچرار | |

**نوٹ:** جن مضامین کی اساتذہ موجود نہیں ہے، ادارہ عارضی طور پر ان اساتذہ کا انتظام کرے گا تاکہ طالبات کا تعلیمی حرج نہ ہو۔

## پرچیز کمیٹی

1۔ مس فرح عباس (چیئرمین)
2۔ مسز صائقہ شاہین (وائس پرنسپل)
3۔ مس انیلا ممتاز
4۔ مس مہوش (برسر)

## کالج کونسل

1۔ مس فرح عباس (چیئرمین)
2۔ مسز صائقہ شاہین (وائس پرنسپل)
3۔ مسز طاہرہ معراج (ممبر)
4۔ مس نادیہ رفیق (ممبر)
5۔ مس مہوش (برسر)

## انچارج لائبریری

1۔ مس مومنہ رفیق

## انچارج بس

مس آمنہ شکراللہ

## پراپرٹی انچارج

1۔ مس ام فروا (ممبر)

2۔ مس فوزیہ سرور (انچارج)

## سٹوڈنٹس افیئرز کمیٹی

1۔ مس انیلا ممتاز (انچارج)

2۔ مس فرزانہ

## Struck of Insharje

1۔ مسز صائقہ شاہین (وائس پرنسپل)

2۔ مس نگار عروج

## کنٹرولر امتحانات

1۔ مس نادیہ رفیق (کنٹرولر BS)

2۔ مس عمیرہ مظفر (Intermediate) کنٹرولر

## غیر تدریسی سٹاف (دفتری سٹاف)

1۔ مسٹر عبدالنصیر (ہیڈ کلرک)
2۔ رانا محمد حسنین (سینئر کلرک)
3۔ سیٹ خالی ہے (سینئر کلرک)
4۔ مسٹر مدثر حبیب (جونئیر کلرک)
5۔ سیٹ خالی ہے (جونئیر کلرک)
6۔ سیٹ خالی ہے (لائبریری کلرک)
7۔ مسٹر عبدالعزیز (لیب سپروائزر)
8۔ سیٹ خالی ہے (سینئیر لیکچرار اسٹنٹ)
9۔ سیٹ خالی ہے (سینئیر لیکچرار اسٹنٹ)
10۔ سیٹ خالی ہے (لیکچرار اسسٹنٹ)
11۔ سیٹ خالی ہے (سینئیر لیکچرار اسٹنٹ)
12۔ سیٹ خالی ہے (کیئر ٹیکر)
13۔ مس سعدیہ تبسم (لیب اٹنڈنٹ)
14۔ مس زرقا اقبال (لیب اٹنڈنٹ)
15۔ مس سفینہ اکرم (لیب اٹنڈنٹ)
16۔ مسٹر طاہر ہاشمی (لیب اٹنڈنٹ)
17۔ مسٹر اللہ رکھا (لیب اٹنڈنٹ)
18۔ مسٹر فضل عباس بس ڈرائیور
19۔ مسٹر محمد احمد (نائب قاصد)
20۔ مسٹر محمد ناصر (نائب قاصد)
21۔ مسٹر محمد عدنان (نائب قاصد)
22۔ مسٹر محمد سرور (مالی)
23۔ مسٹر رضا فضل (مالی)
24۔ مسٹر لیاقت علی (چوکیدار)
25۔ مسٹر محمد نعیم (چوکیدار)
26۔ سیٹ خالی ہے (چوکیدار)
27۔ مسٹر علی رضا (چوکیدار)
28۔ مسٹر جاوید (خاکروب)
29۔ مسز (صغراں) (خاکروب)

4 A

## داخلہ قوانین

1۔ سال اول/سال سوئم کا داخلہ میٹرک اور انٹر کا نتیجہ نکلنے کے بعد بورڈ/یونیورسٹی کے شیڈول کے مطابق ہوتا ہے۔

2۔ درخواست داخلہ مجوزہ فارم کی شکل میں دی جائے جو ساتھ ہی منسلک ہے۔

3۔ سال اول کے داخلہ کے لئے عمر کی حد اٹھارہ سال ہے۔

4۔ داخلہ فارم کے ساتھ درج ذیل دستاویزات ضروری ہے۔

(i) پاسپورٹ سائز تصاویر (سفید بیک گراؤنڈ) 4عدد غیر تصدیق شدہ

(ii) میٹرک/انٹرمیڈیٹ کی مصدقہ نقل 2عدد

(iii) مصدقہ کریکٹر سرٹیفکیٹ

(iv) مائیگریشن کا اصل سرٹیفکیٹ اور مصدقہ نقل (اگر درخواست دہندہ نے میٹرک/انٹرمیڈیٹ کا امتحان لاہور کی بجائے کسی دوسرے بورڈ سے کیا ہو۔)

(v) والد کے شناختی کارڈ کی کاپیاں 2عدد

(vi) فارم ''ب'' 2عدد

نوٹ:۔تمام کاغذات تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔تمام کاغذات فائل میں لف کر کے کالج ہذا میں جمع کروائیں۔

## تدریسی مضامین (ایف۔ایس۔سی)

| | | | |
|---|---|---|---|
| لازمی مضامین: | (i) اُردو | (ii) اسلامیات،مطالعہ پاکستان | (iii) انگریزی |
| 1۔ پری میڈیکل گروپ | (i) فزکس | (ii) کیمسٹری | (iii) بائیولوجی |
| 2۔ پری انجینئرنگ گروپ | (i) فزکس | (ii) کیمسٹری | (iii) ریاضی |
| 3۔ جنرل سائنس | (i) اُردو | (ii) اکنامکس | (iii) شماریات(Statistic) |
| 4۔ آئی۔سی۔ایس | (i) کمپیوٹر سائنس | (ii) ریاضی | (iii) اکنامکس/فزکس |

## آرٹس مضامین

| گروپ A | گروپ B | گروپ C |
| --- | --- | --- |
| سوشیالوجی | سائیکالوجی | عربی |
| اکنامکس | سوکس | فارسی |
| ایجوکیشن | کمپیوٹر سائنس | اُردو لٹریچر |
| ایجوکیشن | شماریات (Statistic) | جغرافیہ |
| ایجوکیشن | اسلامیات | میتھ (Math) |

مندرجہ ذیل اختیاری مضامین گروپس میں سے ہر گروپ میں سے ایک مضمون کا انتخاب کریں۔

نوٹ:۔ جن طالبات کی میٹرک میں First Division ہے صرف وہی نفسیات کا Subject لے سکتی ہیں۔

## بی ایس آنرز

بی ایس انگلش

بی ایس اسلامیات

## اے ڈی

اے ڈی ایجوکیشن — اے ڈی سوشل ورک — اے ڈی اسلامیات — اے ڈی زوالوجی

# کالج کے واجبات

نوٹ:- داخلے کے وقت طالبہ کو مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق واجبات ادا کرنے ہوں گے۔حکومت کی ہدایت کے مطابق واجبات میں ردوبدل ہوسکتی ہے۔

| نمبر شمار | فنڈ کا نام | فیس کا دورانیہ | ایف اے/ ایف ایس سی | بی اے/بی ایس سی | بی ایس Per Smester |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس سائنس | (داخلے کے وقت) | 65روپے | 175روپے | |
| 2 | داخلہ فیس آرٹس | (داخلے کے وقت) | 80روپے | 225روپے | 225روپے |
| 3 | رجسٹریشن فیس بورڈ | (داخلے کے وقت) | بورڈ کے شیڈول کے مطابق | یونیورسٹی کے شیڈول کے مطابق | یونیورسٹی کے شیڈول کے مطابق |
| 4 | لائبریری سکیورٹی (قابل واپسی) | (داخلے کے وقت) | 500روپے | 500روپے | 300روپے |
| 5 | ٹیوشن فیس | (سالانہ) | 600روپے | 720روپے | 360روپے |
| 6 | جنرل فنڈ | (سالانہ) | 50روپے | 50روپے | 50روپے |
| 7 | میگزین فنڈ | (سالانہ) | 120روپے | 120روپے | 60روپے |
| 8 | ویلفیئر فنڈ | (سالانہ) | 50روپے | 50روپے | 50روپے |
| 9 | میڈیکل فنڈ | (سالانہ) | 50روپے | 50روپے | 30روپے |
| 10 | ریڈکراس فنڈ | (سالانہ) | 60روپے | 60روپے | 30روپے |
| 11 | برقعہ فنڈ | (سالانہ) | 100روپے | 100روپے | 50روپے |
| 12 | امتحانی فنڈ | (سالانہ) | 180روپے | 180روپے | 200روپے |
| 13 | کمپیوٹر فنڈ | (سالانہ) | 300روپے | | |
| 14 | سپورٹس فنڈ | (سالانہ) | 180روپے | 180روپے | 90روپے |
| 15 | سائنس بریکج فنڈ | (سالانہ) | 60روپے | 120روپے | 120روپے |
| 16 | الحاق فنڈ | (داخلے کے وقت) | 240روپے | 360روپے | 100روپے |
| 17 | سٹوڈنٹ کارد | (داخلے کے وقت) | 50روپے | 50روپے | 50روپے 1بار |
| 18 | بس فنڈ | سالانہ | 150روپے | 150روپے | 150روپے |

نوٹ: فیس میں کمی بیشی بورڈ/ یونیورسٹی شیڈول کے مطابق ہوگی۔

## قواعد تبدیلی مضامین:

1۔ طالبات اپنے اختیاری مضامین کا خوب سوچ سمجھ کر انتخاب کریں۔کلاسز کے باقاعدہ اجراء کے 15 دن کے اندر اندر طالبات اپنے اختیاری مضامین تبدیل کرسکتی ہیں۔اس کے بعد مضمون تبدیل نہیں ہوں گے۔

2۔ مضامین کی تبدیلی کے سلسلہ میں داخلہ کمیٹی کے انچارج سے رجوع کرنا ہوگا۔نیز لیا گیا مضمون اور چھوڑا جانے والا مضمون دونوں کے متعلقہ استاد کی منظوری لازمی ہوگی۔

## فیس اور جرمانے:

کالج آنے والی طالبات سے امید کی جاتی ہے کہ وہ کالج کے نظم وضبط کا خیال رکھیں گی۔بصورت دیگر ان پر درج ذیل جرمانے عائد کیے جائیں گے۔

1۔ فیس اور جرمانے انتظامیہ کی طرف سے مقرر کردہ تاریخوں پر ادا کرنا ہوں گے۔

2۔ مکمل دن کی غیر حاضری پر جرمانہ 10 روپے ہوگا۔

3۔ فی مضمون غیر حاضری پر جرمانہ 10 روپے ہوگا۔

4۔ کالج میں نظم وضبط کی خلاف ورزی، کلاس ٹیسٹ میں غیر حاضری اور بے قاعدگی پر جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔

5۔ جرمانے مخصوص مدت میں جمع کروانے ہوں گے۔عدم ادائیگی کی صورت میں نام خارج کر دیا جائے گا۔دوبارہ داخلہ لینے کے لئے طالبہ پرنسپل کے نام درخواست لکھیں گی ۔ درخواست کی منظوری کے بعد حکومت کی مقرر کردہ فیس 150 روپے جمع کروانا ہوگی، دوبار کے بعد تیسری بار ری ایڈمیشن نہیں ہوگا۔

6۔ کسی بھی قسم کی جیولری اور موبائل فون کا استعمال کالج کی حدود میں منع ہے۔بصورت دیگر بحق کالج ضبط کرلیا جائیگا۔

لائبریری سیکورٹی کی واپسی کالج چھوڑنے کے بعد 2 سال کے اندر کی جاسکتی ہے۔بصورت دیگر بحق کالج ضبط کر لی جائیگی۔

1۔کالج میں کسی بھی قسم کی تقریبات کا انعقاد سختی سے منع ہے۔

## یونیفارم

1۔ طالبات کے لیے سفید شلوار قمیض جو مہذب اور پُر وقار ہو پہننا لازم ہے۔ٹراؤزر کی اجازت نہیں۔ نیز ریشمی دوپٹے کی اجازت نہیں، دوپٹے پر سجاوٹ سے گریز کریں۔

2۔ صرف متعلقہ رنگ کے ڈوپٹے کی اجازت ہے۔

3۔ سکارف اوڑھنے والی طالبات صرف متعلقہ رنگ کا سکارف لینے کی پابند ہیں۔

4۔ موسم سرما میں صرف سیاہ شال استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

5۔ سادہ سیاہ جراب اور سادہ بند جوتے (بغیر ایڑی) کے پہننے کی اجازت ہے۔

6۔ موسم سرما میں سویٹر، کوٹ جیکٹ، سیاہ رنگ کے ہوں گے۔

7۔ پرنٹڈ یا کڑھائی والا سویٹر کوٹ یا جیکٹ سختی سے منع ہیں۔

نوٹ۔ یونیفارم کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی طالبات کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔

## کالج کونسل

کالج کونسل، پرنسپل، وائس پرنسپل اور کالج ھذا کے سینئر اساتذہ پر مشتمل ہے۔

1۔ کالج کونسل، کالج کے قواعد و ضوابط بنانے کی مجاز ہے اور اس پر عمل درآمد کروانے کا استحقاق رکھتی ہے۔

2۔ کالج کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی طالبات کے خلاف کاروائی کرنے کی مجاز ہے۔

3۔ سنگین خلاف ورزی کرنے کی صورت میں کسی طالبہ کا نام کالج سے خارج بھی کر سکتی ہے۔

## مائیگریشن کے اُصول

1۔ مائیگریشن کے وقت طالبات کا میرٹ ادارے کے میرٹ سے مطابقت رکھتا ہو۔

2۔ طالبات کا مضامین کا وہی گروپ ہو جو کالج ہٰذا کا ہے۔مختلف گروپ ہونے کی صورت میں مائیگریشن نہیں کی جائے گی اگر طالبہ غلط بیانی کر کے مائیگریشن کروائیں گی تو ان کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔

3۔ طالبات کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی حاضریاں ہمراہ تحریری صورت میں لائیں۔

4۔ مائیگریشن کے لیے آتے وقت اپنے کالج، بورڈ یا یونیورسٹی کے رجسٹریشن فارم کی فوٹو کاپی ہمراہ لائیں۔ جس سے آپ کے مضامین واضح نظر آئیں۔

5۔ کاغذات نامکمل ہونے کی صورت میں مائیگریشن روک دی جائے گی۔

## حاضری کے قوانین

ہر طالبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بورڈ اور یونیورسٹی کی طے شدہ شرح سے زیادہ حاضری کا معیار قائم رکھے اور تعلیم کے حصول میں پابندی وقت اور پابندی قوانین کو ملحوظ خاطر رکھے۔

1۔ تمام مضامین میں سے (علیحدہ علیحدہ) ہر کلاس میں دیئے گئے لیکچرز کی مجموعی تعداد کا 3/4 حصہ۔

2۔ ایسے مضامین جس میں پریکٹیکلز ضروری ہیں۔ پریکٹیکلز کے لیے مخصوص پیریڈ (Periods) کی تعداد کا 3/4 حصہ۔

3۔ کسی کلاس میں چھٹی، بیماری یا کسی اور وجہ سے غیر حاضری کی صورت میں لیکچرز کی حاضری گنتے وقت ان دنوں کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

4۔ حاضری کم ہونے کی صورت میں بورڈ/یونیورسٹی کے امتحان میں شرکت کی ممانعت ہو سکتی ہے۔

5۔ اگر کوئی طالبہ ایک مضمون میں 10 یا اس سے زیادہ غیر حاضریاں کرے گی۔ تو اس کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔ والدین کی ضمانت اور مقررہ فیس ادا کرنے کی صورت میں دوبارہ داخلہ ایک بار ہو سکتا ہے۔

## کالج چھوڑنے کے قوانین

1۔ کالج چھوڑنے سے پہلے طالبہ اپنے ذمہ واجبات ادا کرے گی واجبات کی ادائیگی کے بغیر کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ نہیں ملے گا۔

2۔ کالج چھوڑنے کے لیے درخواست بنام پرنسپل بمعہ دستخط سرپرست ضروری ہوگی۔

## چھٹیوں کے ضوابط

1۔ رخصت صرف اہم ضرورت کے وقت لی جاسکتی ہے۔

2۔ رخصت کے وقت درخواست بنام پرنسپل لکھیں۔

3۔ ایک وقت میں صرف 3 دن کی رخصت لی جاسکتی ہے۔

4۔ بغیر درخواست 5 دن کی غیر حاضری کی صورت میں نام خارج کر دیا جائے گا۔

5۔ چھٹی کی درخواست غیر حاضری کے بعد نہیں، بلکہ چھٹی کرنے والے دن یا اس سے پہلے دینی ہوگی۔

6۔ 6 دن سے زائد بیماری کی صورت میں درخواست کے ساتھ سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹر کا میڈیکل سرٹیفیکیٹ لانا لازمی ہے۔

## امتحان

کالج سے تعلیمی سال کے دوران دسمبر ٹیسٹ لیے جاتے ہیں جن کے نتائج کی بنیاد پر سالانہ امتحان میں شرکت کے لیے داخلہ بھیجا جائے گا۔ اس لیے ان امتحانات میں شرکت لازمی ہے۔ ورنہ طالبات اگلی کلاس میں نا جاسکیں گیں۔

1۔ طالبات کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے ہر مہینے کے آخر میں کلاس ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔ جس میں طالبات کی شرکت لازمی ہے۔ غیر حاضری کی صورت میں داخلہ روک دیا جائے گا۔ کلاس ٹیسٹ کا رزلٹ باقاعدہ ریکارڈ کا حصہ ہوتا ہے۔ جس سے طالبات کی کارگردگی جانچی جاتی ہے۔

2۔ اگلی کلاس میں جانے کے لئے طالبات کا ہر مضمون میں پاس ہونا لازمی ہے۔

3۔ امتحان میں نقل کرنے یا ناجائز طریقہ استعمال کرنے والی طالبہ کو کم سے کم 100 روپیہ جرمانہ کیا جاسکتا ہے اور زیادہ سے زیادہ سزا کالج سے خارج کر دینا ہے۔

نوٹ:۔ کالج کی روایت ہے کہ اساتذہ اور والدین کی گاہے بگاہے میٹنگ منعقد کی جاتی ہے۔ والدین سے التماس ہے کہ اس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

4۔ کالج ہذا میں منعقد ہونے والے تمام امتحانات میں شرکت لازمی ہے اور غیر حاضری کی صورت میں بورڈ/یونیورسٹی

کا داخلہ روک دیا جائے گا۔

5۔ بوجہ بیماری امتحان میں عدم شرکت کے لئے سرکاری ہسپتال سے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ ہی قابل قبول ہوگا۔ پرائیویٹ ڈاکٹر یا ہسپتال سے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ قابل قبول نہ ہوگا۔

## نظم وضبط کی پابندی

1۔ طالبات کو کالج میں اور کھیل کے میدان میں ہر جگہ نظم وضبط برقرار رکھنا ہے۔ کوئی بدتمیزی یا گستاخی برداشت نہیں کی جائے گی۔

2۔ طالبات کو برآمدوں یا جماعتوں کے کمروں کے سامنے بلا مقصد گھومنے یا بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

3۔ طالبات کو بغیر اجازت سٹاف روم میں جانے کی جازت نہیں۔

4۔ طالبات مردانہ دفتر کے اندر نہیں جا سکتی اور نہ ہی دفاتر سے ملحقہ برآمدہ راستہ کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فیس کی ادائیگی کے لیے متعلقہ کلرک کے دفتر میں براستہ کھڑکی طالبات فیس ادا کریں گی اور معلومات حاصل کریں گی۔

5۔ طالبات واجبات مقررتاریخ پر خود دفتر میں جمع کروا کر رسید حاصل کریں۔ کسی غیر متعلقہ شخص کو رقم نہ دیں۔ کالج اس ضمن میں ذمہ دار نہ ہوگا۔ بلکہ طالبات خود ذمہ دار ہوں گی۔

6۔ کالج کا گیٹ صبح ساڑھے آٹھ بجے 8:30 بند ہوگا۔ گیٹ بند ہونے کے بعد کوئی طالبہ کالج میں داخل نہیں ہوسکتی۔

7۔ کالج میں چھٹی ہونے سے پہلے کوئی طالبہ (Short Leave)، Half Day نہیں لے سکتی۔

8۔ طالبات کو روزانہ باقاعدگی سے نوٹس بورڈ پڑھنا ہوگا۔ کسی بھی قانون کو توڑنے یا کسی نوٹس سے لاعلمی پر کوئی رعایت نہیں ملے گی۔

9۔ کمرہ جماعت سے باہر فرنیچر مثلاً کرسیاں، میز، سٹول وغیرہ لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

10۔ یونیفارم کی پابندی ہر صورت لازمی ہے۔ خلاف ورزی کی صورت مین سخت کاروائی کی جائے گی۔

11۔ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت بہت ضروری ہے کیونکہ یہ بھی تعلیم کا اہم حصہ ہوتی ہے۔

12۔ ہر طلبہ کے لیے کالج کے اوقات میں سٹوڈنٹ شناختی کارڈ سامنے ڈوپٹے پر آویزاں کرنا لازمی ہے۔ فیس کی

ادائیگی کے وقت یا لائبریری سے کتاب لیتے وقت اس کا پاس ہونا لازم ہے۔

13۔ کوئی طالبہ کسی بھی قسم کی تخریبی کاروائی میں حصہ لے، تدریسی عمل میں رکاوٹ ڈالے یا کالج کے نظم وضبط کو پامال کرے یا دیگر طالبات کے ساتھ غیر شائستگی، گالم گلوچ اور لڑائی جھگڑا کرے یا دوسری طالبات کو اکسائے تو کالج کی پرنسپل صاحبہ اور کالج کونسل اس بات کا پورا حق رکھتی ہیں کہ اس کے خلاف تادیبی کاروائی عمل میں لائیں۔

14۔ کالج کے ملازمین کے ساتھ طالبات کا گستاخانہ رویہ یا بدتمیزی نا قابل برداشت ہے۔ ارتکاب کرنے والی طالبات سزاوار ہوں گی۔

15۔ اساتذہ کرام کو مکمل اختیار ہے، کہ کالج نظم وضبط پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کی رپورٹ پرنسپل صاحبہ کو دیں۔ اساتذہ کرام کی رپورٹ پر خلاف ورزی کرنے والی طالبات کو سخت سزا ملے گی۔ کالج کونسل کو اس ضمن میں خصوصی اختیارات حاصل ہیں۔

16۔ کالج ایک مقدس علمی درس گاہ ہے اسے پاکیزہ رکھ کر (صفائی نصف ایمان ہے) پر یقین کا ثبوت دیں۔

17۔ کالج کے گیٹ کیپر کو دھمکی دینا اور ڈرانا کارِ سرکار میں مداخلت ہے۔ کیونکہ گیٹ کیپر کے فرائض میں کالج کے باہر آنے جانے والے عوام الناس سے پوچھنا اور جانچ پڑتال شامل ہے۔ اس کی کسی کے ساتھ کوئی ذاتی دشمنی نہیں ہے۔

18۔ والدین / سرپرست پرنسپل صاحبہ کے بلانے پر ملاقات کریں۔ بہتر تربیت کے لئے باہمی تعاون اہم ہے۔

## ضروری ہدایات

طالبات اور والدین / سرپرست سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔ اور ادارے کے نظم و نسق کو برقرار رکھنے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں گے۔

## غیر نصابی سرگرمیاں

1۔ کالج میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ روزانہ اسمبلی کا انعقاد، ہلال احمر کے سلسلہ میں مینا بازار کا انعقاد، عید میلاد النبی ﷺ پر ایمان افروز محافل کا انعقاد، یوم قائداعظم، یوم اقبال، اور یوم آزادی پر مختلف پروگراموں کا انعقاد اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

2۔ طالبات کی ذہنی اور جسمانی تربیت اور صحت کے لئے کھیلوں کے مقابلہ جات منعقد کیے جاتے ہیں اور سپورٹس ڈے کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

## لائبریری

ادارے میں اعلیٰ درجے کی لائبریری موجود ہے۔ جس میں مختلف علوم کے متعلق تقریباً 3500 کتب موجود ہیں، کتابیں انسان کی بہترین دوست ہیں جو ہمیشہ وفا کرتی ہیں۔ لائبریری کے متعلق قوانین مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ کالج کے اوقات کار میں لائبریری طالبات کے مطالعہ کے لیے کھلی رہتی ہیں۔

2۔ لائبریری سے کتاب ایشو کرواتے وقت ہر طالبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا کالج لائبریری کارڈ ساتھ لائے جو پہلے ہی دے دیا جاتا ہے۔ کسی دوسری طالبہ کے لائبریری کارڈ پر کتاب کا اجراء کروانے کی کوشش میں دونوں کے کارڈ ضبط ہو سکتے ہیں اور دونوں سے 50 روپے جرمانہ وصول کیا جا سکتا ہے۔

3۔ انٹر کلاس کی طالبات ایک وقت میں ایک ہی کتاب ایشو کروا سکتی ہے۔ کتابیں زیادہ سے زیادہ 14 دن کے لیے جاری کی جاتی ہیں۔

4۔ کتاب پھٹ جانے یا گم ہونے کی صورت میں جرمانہ یا کتاب کی قیمت گورنمنٹ پالیسی کے مطابق وصول کی جائے گی۔

5۔ طالبات پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ کتاب احتیاط سے رکھیں اس پر نشان نہ لگائیں، اوراق نہ پھاڑیں، ورنہ جرمانہ بمعہ قیمت کتاب وصول کیا جائے گا۔

6۔ طالبات (Reading Room) میں رکھے گئے اخبارات اور رسائل احتیاط سے پڑھیں۔ ان پر لکھنا، یا ان کو پھاڑنا منع ہے۔ ارتکاب کرنے والوں کے خلاف تادیبی کاروائی ہوگی۔

7۔ طالبات کے لئے لازم ہے کہ وہ جاری کردہ کتب گرمیوں کی چھٹیوں سے پہلے ہی جمع کروا دیں۔ بصورت دیگر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

8۔ لائبریری سیکورٹی کے سلسلہ میں بورڈ/یونیورسٹی کے نتائج کے ساتھ ہی باقاعدہ نوٹ لگا دیا جائیگا۔ نوٹس میں دیئے

گئے شیڈول کے مطابق اپنی سیکورٹی فیس حاصل کرنے کے لیے لائبریری کارڈ اور والد کے شناختی کارڈ کی کاپی ضرور ہمراہ لائیں۔اور رجسٹر میں اپنے نام کے آگے وصولی کے کالم میں دستخط ضرور کریں۔

## PTM

نوٹ:۔ تمام طالبات کی تعلیمی کارکردگی کو جانچنے کے لیے ماہانہ وار بنیادوں پر (PTM) کا انعقاد کیا جاتا ہے۔لہٰذا والدین (PTM) میں موجودگی کو یقینی بنائیں۔

## ٹیٹوریل گروپ

1۔ سال اول تا سال چہارم طالبات کو مختلف ٹیٹوریل گروپ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گروپ انچارج کو ٹیوٹر کہا جاتا ہے۔

2۔ ٹیوٹر کے پاس اپنے گروپ کی طالبات کے مکمل کوائف اور مشاغل کا ریکارڈ ہوتا ہے۔

3۔ ٹیٹوریل گروپ کی تشکیل کا مقصد طالبات اور اساتذہ کے باہمی ربط کو مضبوط بنانا ہے۔ان کو اعتماد کی دولت دینا اور معاشرے میں بلند مقام حاصل کرنے کے قابل بنانا ہے تاکہ وہ اپنی خداداد صلاحیتوں کو بہتر سے بہتر انداز میں بروئے کار لاسکیں۔

4۔ ٹیٹوریل گروپ کا پریڈ ہفتہ میں ایک بار ہوتا ہے۔

☆☆☆......☆☆☆......☆☆☆